| | | |
|---|---|---|
| Paper: Urdu | | Total Marks: 15 |
| Month Test: Annual | | Obt. Marks: ______ |
| Theme/Unit: Complete | | Grand Total: 75 |
| Objective: | Signature: ______ | Time: 20 mins |
| Roll No: ______ | class: 9th | Section: ______ |

**سوال نمبر 1۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

1۔ سبق "آرام و سکون کے مصنف کون ہیں۔

ا۔ پریم چند ب۔ سید امتیاز علی تاج ج۔ مولوی نذیر احمد د۔ مرزا ادیب

2۔ نظیر اکبر آبادی کا اصل نام ہے:

ا۔ نیک محمد ب۔ نیک ولی ج۔ ولی محمد د۔ ولی الدین

3۔ سبق " کاہلی " میں روٹی پیدا کرنے کے لیے نہایت ضروری ہے۔

ا۔ محنت ب۔ آرام ج۔ سفارش د۔ خوشامد

4۔ ماسٹر جی کے بیٹھنے کے لیے کیا چیز منگوائی گئی۔

ا۔ قالین ب۔ کرسی ج۔ چادر د۔ چارپائی

5۔ کرنل محمد خان کو ملنے والا بنگلہ کم و بیش کتنے ایکٹر قطعہ زمین میں واقع تھا۔

ا۔ ایک ایکٹر ب۔ دو ایکٹر ج۔ تین ایکٹر د۔ چار ایکٹر

6۔ بلبل ایک پرندہ ہے۔

ا۔ گھریلو ب۔ پالتو ج۔ روایتی د۔ ولایتی

7۔ خواجہ الطاف حسین حالی کب پیدا ہوئے۔

ا۔ 1837 ب۔ 1838 ج۔ 1839 د۔ 1840

8۔ کاکول اکیڈمی واقع ہے۔

ا۔ ایبٹ آباد ب۔ مظفر آباد ج۔ نتھیا گلی د۔ گھوڑا گلی

9۔ میر کے فارسی دیوان کتنے ہیں۔

ا۔ ایک ب۔ دو ج۔ تین د۔ چار

10۔ "سیٹھ" کی مونث ہے۔

ا۔ سیٹھنی ب۔ سیٹھانی ج۔ سیٹھن د۔ سٹھی

11۔ "تقدیم" کا متضاد ہے۔

ا۔ تاخیر ب۔ انجام ج۔ احسان د۔ نفاق

12۔ لفظ "جریدہ" کی جمع ہے۔

ا۔ جرائد ب۔ جریدے ج۔ جریدات د۔ جریدوں

13۔ "مدات" کا واحد ہے۔

ا۔ مد　　ب۔ مدا　　ج۔ مدد　　د۔ مدن

14۔ لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے۔

ا۔ محبت بھرے　　ب۔ دکھ بھرے　　ج۔ بیرنگ　　د۔ طویل

15۔ "عُسرت" کا مترادف ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| Paper: Urdu | | Total Marks: 60 |
| Month Test: Annual | | Obt. Marks: ____________ |
| Theme/Unit: Complete | | Grand Total: 75 |
| Subjective: | Signature: ____________ | Time: 2 hours |
| Name: ____________ | class: 9th | Section: ____________ |

ا۔ الفت　　ب۔ ظلمت　　ج۔ غربت　　د۔ راحت

**املاء:**

**/10**

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

**سوال نمبر 2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔** **/10**

**حصہ نظم:**

ا۔ آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری　　گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

ب۔ ہے لازوال عہدِ خزاں اس کے واسطے　　کچھ واسطہ نہیں ہے اسے برگ و بار سے

ج۔ سنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں　　ترا تذکرہ ہے تری گفتگو ہے

**حصہ غزل**

ا۔ جان تم پر نثار کرتا ہوں　　میں نہیں جانتا دعا کیا ہے

ب۔ دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی　　پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کنج مزار میں

سوال نمبر 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیں۔ /10

ا۔ شیخ جمن کو بھی اپنی عظیم الشان ذمے داری کا احساس ہوا۔ اس نے سوچا میں اس وقت انصاف کی اونچی مسند پر بیٹھا ہوں میری آواز اس وقت حکم خدا ہے اور خدا کے حکم میں میری نیت کو مطلق دخل نہ ہونا چاہیے۔ حق اور راستی سے جو ہر ٹلنا بھی مجھے دنیا اور دین ہی میں سیاہ بنا دے گا۔

ب۔ اگر تمھیں کچھ نہیں ہوا تو اس بیوقوفی کی وجہ؟ ذرا سوچو تو یہاں آکر تم نے کتنے بڑے کارنامے انجام دیے ہیں۔ کتنی زبردست قدر و منزلت حاصل کی ہے اس سے بڑی عزت کیا ہو گی کہ آج تم ملک کے بہترین مصور سمجھے جاتے ہو اور کیا چاہیے تمھیں۔

**سوال نمبر 4۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔**

**/10**

1۔ سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟

2۔ بلبل کے گانے کی وجہ کیا ہے؟

3۔ تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟

4۔ خلوت اوراق میں کون نغمہ زن تھے؟

5۔ درویش کے لب پر کیا صدا ہے؟

**سوال نمبر 5۔ سبق "قدر ایاز" کا خلاصہ لکھیں۔** **/5**

**سوال نمبر 6۔ نظم " برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔** **/5**

**سوال نمبر 7۔ پوسٹ ماسٹر صاحب کے نام ڈاکیے کی شکایت کے حوالے سے درخواست لکھیں۔** **/10**

**سوال نمبر 8۔ کہانی لکھیں۔ جس کا عنوان ہو "جس کا کام اسی کو ساجھے"**

**/5**

**سوال نمبر 9۔ درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔** **/5**

1۔ بلی کے بھاگوں: ------------------------------------------

2۔ تخم تاثیر: ----------------------------------------

3۔ بد اچھا: -----------------------------------------

4۔ بات کھٹائی: ------------------------------------------

5۔ باسی کڑھی میں: -----------------------------------------